عہد کے مختلف مذاہب اور زبانوں کے متعلق نہایت اچھی معلومات ملتی ہیں۔ کتاب جن متنوع موضوعات سے بحث کرتی ہے انہیں دیکھ کر انسان ششدر رہ جاتا ہے کہ ایک فرد نے معلومات کا اتنا بڑا ذخیرہ کس طرح جمع کر دیا۔

اس کتاب کے مطالعے سے چوتھی صدی ہجری کے اواخر تک کی علمی، معاشرتی اور تہذیبی زندگی کا ایک جامع نقشہ سامنے آجاتا ہے۔ پھر یہ اسی کتاب کا دنیائے اسلام پر احسان ہے کہ اس کے ذریعے بہت سی ایسی کتابوں کا پتہ چلتا ہے جو فتنۂ تاتار کی وجہ سے بالکل ناپید ہیں۔ صرف ان کے نام باقی رہ گئے ہیں۔

مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب نے اسے بڑے سلیقے کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ مولانا محمد حنیف ندوی صاحب نے اس پر نظر ثانی کی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ ہمارے علمی ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔

سیارہ۔ عبدالعزیز خالد نمبر | مدیر مسئول: جناب فضل من اللہ صاحب۔ مقامِ اشاعت: ۶۔ بی ذیلدار پارک۔ اچھرہ۔ لاہور۔ قیمت دس روپے۔

معروف ماہنامہ سیارہ کا یہ خاص نمبر پاک و ہند کے مشہور شاعر عبدالعزیز خالد کی تخلیقات کے جائزے پر مشتمل ہے۔ اس میں عبدالعزیز خالد کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف بھی ہے اور مختلف زاویوں سے اُن کی شاعری کا محاکمہ بھی۔ فاضل مدیر نے اس بزم میں جس طرح ملک کے نامور ادیبوں اور فنکاروں کو جمع کیا ہے اور پھر اُن کے خیالات کو حسن قرینے کے ساتھ اس علمی گلدستہ میں سجایا ہے اُس سے اُن کی عرق ریزی، علمی ذوق اور خالد صاحب سے گہری عقیدت و محبت کا پتہ چلتا ہے۔

عبدالعزیز کے فن پر بحث کے ساتھ ساتھ اُن کی ذاتی زندگی کی جھلکیاں بھی بڑی دلچسپ ہیں۔

معیارِ طباعت و کتابت اچھا ہے۔

اسلام کا نظریہ ملکیت۔ حصہ دوم | تالیف: ڈاکٹر محمد نجات اللہ صاحب صدیقی۔ شائع کردہ: اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ، لاہور۔ قیمت اعلیٰ ۲۵ء ۷۔ سستا ایڈیشن ۵۰ء ۴۔

اس قابلِ قدر کتاب کے پہلے حصہ پر ترجمان القرآن میں تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کا دوسرا حصہ ہے۔